16/12/2021

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

ڈپلوما سیکٹر میں بہتر پلیسمنٹ کے لیے غیر سرکاری یا فاؤنڈیشن کو نالج پاٹنر بنایا جائے گا

لکھنؤ:16دسمبر 2021

ریاست کے وزیر تکنیکی تعلیم جناب جتن پرساد کی ہدایت میں محکمہ تکنیکی تعلیم کے ذریعہ ڈپلوما سیکٹر میں بہتر پلیسمنٹ کے لیے صنعتی اشتراک میں اصلاح، انٹرنشپ، صنعتی ایکسپوزر کو فروغ دینے، اداروں کے بنیادی ڈھانچے میں اصلاح کرنے، تربیت میں سدھار کرنے کے لیے کسی ادارے، نجی شعبہ، تحقیقی ادارہ، غیر سرکاری رغیر مستفید تنظیم، کمیونٹی کی بنیاد پر ادارہ یا فاؤنڈیشن کو نالج پارٹنر بنانے کے لیے ریاستی حکومت کی جانب سے ایک مفاہمت نامہ (MOU) پر جلد ہی دستخط کیے جانے کی تجویز ہے۔

محکمہ تکنیکی تعلیم سے موصول اطلاع کے مطابق صنعتی فروغ اور پروگرام، حمایتی ڈیٹا، حماتی نگرانی اور تخمیناً ڈھانچہ فروغ کرنے نیز نتائج کو فروغ دینے، طلبہ کو سیکھنے کے تجربہ کو دلچسپ بنانے اور زیادہ سیکھنے کے لیے حوصلہ افزائی کرنے میں یہ مفاہمت نامہ بہت اہم ہوگا۔ پالی ٹیکنیک کو نوجوانوں کے لیے ہوشیار بنانے نیز خصوصی طور سے خواتین کے اندراج میں اصلاح کے لیے اس شعبہ میں کام کرنے والے کو نالج پارٹنر بنایا جائے گا۔

☆☆☆☆☆